Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 19 ستمبر 2026ء، 6 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 150

انسدادِ پولیو مہم: ایک کروڑ زائد بچوں کو قطرے پلائے جائینگے

13 اضلاع میں 21 ستمبر سے خصوصی انسدادِ پولیو مہم شروع ہوگی، جس کے دوران 10 ملین (ایک کروڑ) سے زائد پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

راولپنڈی میں تقریباً 8 ہزار ورکرز فرائض انجام دیں گے، جولائی میں راولپنڈی میں پایا جانے والا وائرس افغانستان سے آیا تھا، اس لیے کسی قسم کی غفلت کی گنجائش نہیں، فوکل پرسن عظمیٰ کاردار

لاہور، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کرائیوا ایبلیشن مشین کے ذریعے کینسر کا علاج حاصل کرنے والی پہلی مریضہ مسرت ارشد سے ملاقات کر رہی ہیں

راولپنڈی (این ای این) پنجاب میں انسدادِ پولیو کی خصوصی مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی، جس کے دوران صوبے کے 13 اضلاع میں ایک کروڑ سے زائد پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو عظمیٰ کاردار نے کہا ہے کہ پنجاب میں پولیو وائرس کے دوبارہ داخلے کا خطرہ بدستور موجود ہے، اس لیے ہر مہم میں ہر بچے (بقیہ نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر مری کا گرلز ایلیمنٹری سکول سنی بنک کا دورہ

تعلیمی و انتظامی امور اور طالبات کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ

طالبات کو بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ایم سی گرلز ایلیمنٹری سکول سنی بنک کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکول میں تعلیمی و انتظامی امور اور طالبات کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے (بقیہ نمبر 2)

غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم جاری

ملک بھر سے 7 لاکھ 0 6 ہزار 3 5 6، پنجاب سے ایک لاکھ 2 4 ہزار 0 2 8 افغان باشندے واپس بھجوائے گئے

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم جاری ہے، محکمہ داخلہ پنجاب کے فارن نیشنل سکیورٹی سیل کی موثر کارروائیوں کے تحت غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو گرفتار کر (بقیہ نمبر 39)

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام عالمی ایوارڈ کیلئے نامزد

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت 2 لاکھ ایک ہزار 0 0 3 خاندانوں کو بلاسود قرضے جاری، 1 لاکھ 7 ہزار گھر مکمل

لاہور (این ای این) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین کو اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت بلاسود قرضوں کی فراہمی اور گھروں کی تعمیر کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 38)

پاکستان دنیا کا سب سے زیادہ آلودہ ملک قرار

سالانہ اوسط 2.5 پی ایم کی سطح 67.3 مائیکروگرام فی مکعب میٹر ریکارڈ ہوئی، سوئس ایئر کوالٹی مانیٹرنگ ادارے آئی کیو ایئر کی رپورٹ

لاہور (آئی آئی پی) سوئس ایئر کوالٹی مانیٹرنگ ادارے آئی کیو ایئر کی 2025 کی عالمی رپورٹ میں پاکستان کو دنیا کا سب سے زیادہ آلودہ ملک قرار دیا گیا ہے جہاں سالانہ اوسط 2.5 پی ایم کی سطح 67.3 مائیکروگرام فی مکعب (بقیہ نمبر 37)

مریم نواز شریف کا کینسر سنٹر میں او پی ڈی، آئی سی یو اور دیگر وارڈز کا دورہ، ریڈیو فارماسیوٹیکل پروڈکشن لیب، فارمیسی ہاٹ لیب کا معائنہ

کینسر ٹریٹمینٹ کیلئے کوابلیشن سنٹر کا افتتاح

لاہور کے بعد ملتان میں آنے والی چین میں رائج کرائیوا ایبلیشن مشین کے ذریعے محض سوئی استعمال کر کے کینسر رسولیوں کو ختم کر دیا جاتا ہے

چین سے کینسر کے علاج کیلئے کوابلیشن مشین لائی ہوں، اب فکر کی ضرورت نہیں، مریم نواز / ڈیجیٹل اور سی ٹی سیمولیٹر روم کا بھی معائنہ کیا

وزیراعلیٰ کا پیٹ سی ٹی سائیکلوٹرون سنٹر کا دورہ، سائیکلوٹرون مشین کے پروسیجر کا معائنہ، نشتر ہسپتال میں 100 بیڈ پر مشتمل کینسر سنٹر کا بھی دورہ

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ملتان کے نشتر ہسپتال میں پیٹ۔ سی ٹی سائیکلوٹرون، کینسر ٹریٹمنٹ کے لئے کوابلیشن سنٹر کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نشتر ہسپتال میں کوابلیشن سینٹر کا دورہ کیا اور مشین کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیٹ۔ سی ٹی سائیکلوٹرون سنٹر کا دورہ کیا۔ سائیکلوٹرون مشین کے پروسیجر کا معائنہ کیا اور ریڈیو فارماسیوٹیکل پروڈکشن لیب، فارمیسی ہاٹ لیب کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نشتر ہسپتال میں 100 بیڈ پر مشتمل کینسر سنٹر کا بھی دورہ کیا۔ او پی ڈی، آئی سی یو اور دیگر وارڈز کے علاوہ کیموتھراپی، ریڈیوتھراپی روم کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈیجیٹل اور سی ٹی (بقیہ نمبر 52)

ڈسکوز نجکاری ترک سرمایہ کاروں کی دلچسپی کا خیر مقدم

وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نزیر اوغلو کی ملاقات

ڈسکوز کی نجکاری کیلئے پالیسی و اصلاحاتی امور مکمل کر لیے گئے ہیں، توانائی کے شعبے میں ترک کمپنیوں کی سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (فرحین سے) وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے ڈسکوز کی نجکاری کے عمل میں ترک سرمایہ کاروں کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترکیہ کی کمپنیوں کا تجربہ اور توانائی کے شعبے میں مہارت پاکستان کے لیے اہم ہے۔ وہ جمعہ کو پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نزیر اوغلو سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے۔ ملاقات میں پاور سیکٹر میں جاری اصلاحات، ڈسکوز (بقیہ نمبر 6)

)وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نزیر اوغلو سے ملاقات میں گفتگو کر رہے ہیں

12 سالہ بیٹے کو بچانے کی کوشش میں اسکا باپ اور پڑوسی جاں بحق

پشاور (آئی آئی پی) مردان کی تحصیل رستم کے علاقے بھی جعفر آباد میں کنویں میں گرنے والے 12 سالہ بیٹے کو بچانے کی کوشش میں اسکا باپ اور ہمسایہ بھی جاں بحق ہوگئے۔ ترجمان ریسکیو 1 1 2 2 مردان (بقیہ نمبر 41)

سینیٹر روبینہ خالد کی کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے کی مذمت

دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہو کر موثر اقدامات کرنا ہوں گے

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے پر گہری تشویش اور افسوس ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمعہ کے مقدس روز انسانی (بقیہ نمبر 40)

وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات میاں ریاض حسین پیرزادہ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) کے ایگزیکٹو بورڈ کے 52 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف جی ای ایچ اے ایگزیکٹو بورڈ کا 52 واں اجلاس

ہاؤسنگ منصوبوں اور حالیہ کامیاب نیلامی کا جائزہ

اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کی، سیکرٹری ہاؤسنگ محمد محمود کی شرکت

جاری منصوبوں (سیکٹر ایف 14، ایف 15 اور مارگلہ آرچرڈ) کا جائزہ، حالیہ کامیاب نیلامی پر اطمینان کا اظہار کیا گیا

اجلاس میں الاٹیز کو جلد پلاٹس کا قبضہ دینے کے ساتھ ساتھ ویٹنگ لسٹ کے لیے نئی اسکیمیں لانے کا عزم دہرایا گیا

اسلام آباد (این ای این) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) کے ایگزیکٹو بورڈ کا 52 واں اجلاس وزارتِ ہاؤسنگ و تعمیرات میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات جناب میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کی، جبکہ سیکرٹری ہاؤسنگ و تعمیرات جناب کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد محمود، ڈائریکٹر جنرل ایف جی ای ایچ اے کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد ظفر اقبال اور بورڈ کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ایف جی ای ایچ اے کے جاری ہاؤسنگ منصوبوں، حالیہ پیش رفت، کامیاب نیلامی (بقیہ نمبر 3)

امریکی ریاست مشی گن میں ایف 16 طیارہ گر کر تباہ

نیویارک (آئی آئی پی) امریکی ریاست مشی گن میں ایف 16 طیارہ گر کر تباہ ہو گیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق کریش سے قبل پائلٹ طیارے سے ایجیکٹ کر گیا تھا۔ حکام کے مطابق پائلٹ حادثے (بقیہ نمبر 43)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سامنے آنے لگے

ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں 0.49 فیصد اضافہ ریکارڈ

لاہور (این ای این) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سامنے آنے لگے، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں 0.49 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق 19 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی جبکہ 2 3 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں ڈیزل کی قیمت 7.29 فیصد، پیٹرول 6.40 فیصد اور ایل پی جی 3.26 فیصد مہنگی ہوئی۔ لہسن کی قیمت میں 9 4 . 1 فیصد اور (بقیہ نمبر 42)

مریم نواز کی ایکسپو سنٹر آمد، پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا افتتاح کر دیا

وزیراعلیٰ پنجاب کی آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک صنعتکاروں سے ملاقات، صنعتکاروں کی قومی معاشی ترقی کیلئے خدمات کو سراہا

ایکسپو سنٹر لاہور میں جاری پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کاروباری روابط، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر کیلئے موثر ثابت ہوگا' مریم نواز

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایکسپو سنٹر میں "پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026" کا افتتاح کر دیا۔ لاہور ایکسپو سنٹر میں تین روزہ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک صنعتکاروں سے غیر رسمی ملاقات کی اور صنعتکاروں کی قومی معاشی ترقی کے لئے خدمات کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم (بقیہ نمبر 5)

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کرائیوا ایبلیشن مشین کے ذریعے کینسر کا علاج حاصل کرنے والی پہلی مریضہ مسرت ارشد سے ملاقات کر رہی ہیں

پنجاب فوڈ اتھارٹی کو ایک لاکھ روپے جرمانہ

لاہور (این ای این) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب فوڈ اتھارٹی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی آسامیوں پر تعیناتی نہ ہونے کے خلاف درخواست پر پنجاب فوڈ اتھارٹی کو ایک لاکھ روپے جرمانہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جرمانہ ادا نہ کرنے پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی ذاتی حیثیت میں پیش ہوں۔ جسٹس خالد اسحاق نے حافظ سہیل رضا اور محمد شہباز کی درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست گزاروں (بقیہ نمبر 54)

ہنڈی حوالہ ڈیلرز کے خلاف کریک ڈاؤن، 3 ملزمان گرفتار

32 لاکھ روپے نقد اور ہنڈی حوالہ سے متعلق اہم ڈیجیٹل شواہد برآمد کیے گئے

اسلام آباد (این ای این) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) اینٹی کرپشن سرکل (اے سی سی) کراچی نے غیر قانونی ہنڈی حوالہ کے خلاف جاری کریک (بقیہ نمبر 53)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کینسر سینٹر کی او پی ڈی، آئی سی یو اور دیگر وارڈز کا دورہ کر رہی ہیں، انہوں نے ریڈیو فارماسیوٹیکل پروڈکشن لیب اور جدید چینی کرائیوا ایبلیشن مشین کا بھی معائنہ کیا

بھارت کا سندھ طاس معاہدے سے انکار ناقابلِ فہم ہے

سندھ طاس معاہدہ سرحد پار پانی کی تقسیم کیلئے ایک اہم عالمی مثال ہے، شیری رحمان

کراچی: (اے ایف بی) پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ بھارت کا سندھ طاس معاہدے سے انکار ناقابلِ فہم ہے۔ غیر ملکی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے شیری رحمان نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ سرحد پار پانی کی تقسیم کیلئے ایک اہم (بقیہ نمبر 55)

مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش پوری امت مسلمہ پر حملے کے مترادف ہے، سردار محمد یوسف

دفاع حرمین کیلئے عملی کردار کا وقت آ گیا، حرمین شریفین کو نشانہ بنانے کی کوشش ہو تو اس سے بڑھ کر کوئی معاملہ باقی نہیں رہتا

موجودہ حالات میں پاکستان کو مزید صوبوں کی ضرورت ہے، یقین ہے صوبہ ہزارہ بھی بنے گا' وفاقی وزیر مذہبی امور کی گفتگو

لاہور (این ای این) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کو پوری امت مسلمہ پر حملے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اب دفاع حرمین شریفین کے لیے عملی کردار ادا کرنے کا وقت آ گیا ہے، جب حرمین شریفین کو نشانہ بنانے کی کوشش ہو تو اس سے بڑھ کر کوئی معاملہ باقی نہیں رہتا، مکہ مکرمہ مسلمانوں کے لیے محض ایک ریڈ لائن نہیں بلکہ اس سے بھی آگے کا (بقیہ نمبر 44)

وزیراعلیٰ کا 10 خوارج ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

مریم نواز شریف نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا ہے

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہنگو اور شمالی وزیرستان میں کارروائیوں کے دوران 10 خوارج ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیوں میں شہید ہونے والے سکیورٹی فورسز کے جوانوں کے لئے خراج عقیدت (بقیہ نمبر 45)

لاہو رہائیکورٹ نے عثمان فاروق کی نظر بندی کالعدم قرار دے دی

لاہور (این ای این) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما عثمان فاروق کی نظر بندی کے خلاف دائر درخواست منظور کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کا نظر بندی کا حکم کالعدم قرار دے دیا۔ جسٹس فاروق حیدر نے محمد فاروق کی جانب سے اپنے بیٹے عثمان فاروق کی نظر (بقیہ نمبر 46)

طلاق یافتہ بیوی کا قتل؛ سابق شوہر اور دیور کو عمر قید کی سزا

صوابی (این ای این) صوابی کی سیشن کورٹ نے طلاق یافتہ بیوی کے قتل کیس میں نامزد سابق شوہر اور اسکے بھائی کو عمر قید کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن مبارک زیب خان نے سماعت کی، جرم ثابت ہونے پر عدالت نے دونوں بھائیوں کو عمر قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے دونوں (بقیہ نمبر 47)

کراچی: مصور اکرم سیال کے فن پاروں کی نمائش کے موقع پر خواتین فن پارے دیکھ رہی ہیں

حکومت سود کو 3 فیصد کم کر دے تو لیوی لگانے کی ضرورت نہیں رہے گی، حافظ نعیم

آئین میں سود ختم کرنے کا کہہ کر سود کو جاری رکھنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں، سود کو پہلے مرحلے پر 9 فیصد تک لایا جائے

حکومت جو پیکیج دے رہی ہے وہ بھی ناکافی ہے، اکثریت کو سبسڈی نہیں مل رہی، امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این ای این) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا ہے کہ اگر یہ 3 فیصد سود کم کر دیں تو لیوی لگانے کی ضرورت ہی نہیں رہے گی، ایک فیصد سود کم کرنے سے 594 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم نے کہا کہ جماعت اسلامی نے سود کم کرنے سمیت 6 نکات پیش کیے۔ آئین میں سود ختم کرنے کا کہہ کر سود کو جاری رکھنے کی تیاریاں (بقیہ نمبر 56)

اگلے برس 21 ویں صدی کا طویل ترین مکمل سورج گرہن ہوگا

مکمل گرہن والے علاقوں میں دن کے وقت رات جیسی تاریکی چھا جائیگی

لاہور (این ای این) اگلے برس آسمان پر ایک غیر معمولی فلکیاتی منظر دیکھنے کو ملے گا، 2 اگست 2027ء کو 21 ویں صدی کا طویل ترین مکمل سورج گرہن رونما ہوگا۔ اس موقع پر پاکستان میں بھی سورج گرہن دیکھا جا سکے گا تاہم ملک میں یہ مکمل کے بجائے جزوی ہوگا۔ مکمل سورج گرہن کے دوران چاند سورج کی پوری قرص کو ڈھانپ لے گا جس کے باعث مکمل گرہن والے علاقوں میں دن کے وقت چند منٹ کے لیے رات جیسی تاریکی چھا جائے گی۔

لاہور ایئرپورٹ پر جعلی ٹکٹ کے ذریعے داخل ہونے والا مسافر پکڑا گیا

لاہور (این ای این) لاہور کے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جعلی ٹکٹ کے ذریعے داخل ہونے والے مسافر کو سکیورٹی اہلکاروں نے پکڑ لیا۔ ذرائع کے مطابق مسافر عبداللہ مبینہ طور پر جعلی ٹکٹ کے ذریعے ایئرپورٹ کے انٹرنیشنل ڈیپارچر لاؤنج تک پہنچ (بقیہ نمبر 57)

لودھراں ملتان ایکسپریس وے پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے

پنڈی بھٹیاں فیصل آباد ایم فور 6 لین منصوبہ 15 دسمبر تک مکمل کیا جائیگا، زیر مواصلات

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) سینٹرل ریجن کے موٹر ویز اور ہائی ویز کے متعدد ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دیتے ہوئے پنڈی بھٹیاں فیصل آباد ایم فور کو 4 سے 6 لین کرنے کا منصوبہ ہر صورت 15 دسمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ یہ ہدایت وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 51)

فلائی اوور کی بحالی و تزئین و آرائش کے منصوبہ پر کام شروع

فلائی اوور پر جاری کام کے باعث شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا ہے

سرگودھا (این ای این) سرگودھا شہر میں 6 کروڑ روپے کی لاگت سے فلائی اوور کی بحالی و تزئین و آرائش کے منصوبہ پر کام شروع کر دیا گیا جس سے فلائی اوور کی ٹنی کارپٹنگ، خستہ حال حصوں اور پلرز کی مرمت، پرانی ریلنگ کی تبدیلی و مرمت، لائٹس کی بحالی و بہتری سمیت دیگر ضروری تعمیراتی کام کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر (بقیہ نمبر 50)

لاہور، صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر اور ڈی جی سپورٹس محمد طارق قریشی کا پاک چائنہ فرینڈ شپ سمر گیمز 2026ء کے لوگو کے ساتھ فوٹو

ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کا دورہ: صفائی، انسداد ڈینگی اور سموگ مہم کا معائنہ

ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی رانا ساجد صفدر نے دیگر اعلیٰ افسران کے ہمراہ ڈھوک کشمیریاں، ڈھوک منشی خان، رحمت آباد کا دورہ کیا

کمیونیکیشن ٹیم نے مساجد میں جا کر شہریوں میں حفاظتی پمفلٹس تقسیم کیے اور امام صاحبان کے توسط سے صفائی کا پیغام نمازیوں تک پہنچایا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے ڈھوک کشمیریاں، ڈھوک منشی خان، رحمت آباد اور شکریال کی مختلف یونیز کا دورہ کر کے صفائی اور انسداد ڈینگی و سموگ آپریشن کا معائنہ کیا، ورکرز سے بات چیت کی، شہریوں سے بھی صفائی کی صورتحال سے متعلق تبادلہ خیال کیا اور ان کی تجاویز لیں اس موقع پر سینئر مینیجر کمیونیکیشن ناصر محمود، مینیجر اپریشنز ڈسٹرکٹ راولپنڈی عامر یونس نائیک اور مینیجر آپریشنز سید حسن سرداران کے ہمراہ تھے۔ مینیجر آپریشنز نے ایم ڈی کو صفائی آپریشن کے حوالے سے (بقیہ نمبر 4)

ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے ڈھوک کشمیریاں، ڈھوک منشی خان، رحمت آباد اور شکریال کی مختلف یونیز کا دورہ کر رہے ہیں

ٹریلر کی ٹکر، رکشہ سوار خاتون جاں بحق، ایک زخمی

حادثہ خراب رکشے کو سڑک پر دھکا لگاتے ہوئے پیش آیا، زخمی خاتون ہسپتال منتقل

حجرہ شاہ مقیم (این ای این) خراب لوڈر رکشہ کو دھکا لگاتے افراد کو ٹریلر نے ٹکر مار دی، جس کے نتیجے میں رکشہ میں سوار ایک خاتون جاں بحق جبکہ دوسری زخمی ہوگئی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے میں دیگر افراد محفوظ رہے۔ زخمی خاتون کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے (بقیہ نمبر 49)

برطانوی بادشاہ چارلس کا مصنوعی ذہانت کے بارے میں انتباہ

مصنوعی ذہانت انسانیت کے لیے خطرات اور ٹیکنالوجیز کو تباہ کر دیگی، خطاب

لندن (این ای این) برطانیہ کے شاہ چارلس نے مصنوعی ذہانت کے شعبے کے ایگزیکٹیوز و مے داران کو خبردار کیا ہے کہ اگر یہ ٹیکنالوجی غلط ہاتھوں میں چلی گئی تو اس سے وجود کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ اس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے کافی (بقیہ نمبر 48)

اتحاد کی طاقت سے ہی ملک دہشتگردی کا خاتمہ ممکن ہے، سردار سلیم حیدر خان

قوم ملک سے دہشت گردی ختم کرنے کے عزم میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ہے' گورنر پنجاب

گورنر سردار سلیم حیدر خان سے آئی جی ریلوے فخر سلطان کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (این ای این) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں آئی جی ریلوے فخر سلطان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کا سفر سادہ اور پرسکون ہے اسے مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ ٹرین کا سفر بہت محفوظ ہے، عوام کو چاہئے کہ وہ گاڑیوں اور بسوں کی (بقیہ نمبر 58)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے آئی جی ریلوے فخر سلطان گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ریلیف اور عملی اقدامات

حکومت نے پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کیساتھ مذاکرات کے بعد پٹرول ریلیف پیکیج کو ملک بھر میں فعال کرنے کا اعلان کیا ہے۔ تاہم اصل کام محض ریلیف کا اعلان نہیں بلکہ اس سکیم کا زمینی سطح پر نفاذ ہے۔ رواں ماہ کے پہلے عشرے میں پٹرول کی قیمت میں 25 روپے فی لٹر سے زائد اضافے اور مہنگائی میں ہوشربا اضافے کے بعد حکومت نے 13 ستمبر کو موٹر سائیکلوں اور چھوٹی گاڑیوں کیلئے فی لٹر 100 روپے ریلیف کا اعلان کیا تھا مگر اس پورے عمل میں سب سے اہم فریق یعنی پٹرول پمپ مالکان کو ہی اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ نتیجتاً وہ شہری 'جن کیلئے یہ سکیم بنائی گئی تھی' پانچ روز تک اس ریلیف سے محروم رہے۔ اب پٹرول پمپ مالکان سے معاملات طے پانے کے بعد اس سکیم کے باقاعدہ آغاز کا امکان ہے' تاہم حکومت کو اب بھی اعلانات تک محدود رہنے کے بجائے ضلعی اور تحصیل انتظامیہ کو فوری طور پر متحرک کر کے پٹرول پمپس کی رئیل ٹائم نگرانی یقینی بنانی چاہیے۔

دوسری جانب یہ بھی یقینی بنانا ہوگا کہ ریلیف پیکیج کے باعث ٹرانسپورٹ' اشیائے خورونوش اور دیگر ضروری اشیا کے نرخ مستحکم رہیں۔ عوام کو اعلانات سے نہیں بلکہ عملی نفاذ سے ریلیف ملے گا' لہٰذا حکومت کو پٹرول ریلیف سکیم کو کاغذی اعلانات سے نکال کر ملک کے ہر پٹرول پمپ اور ہر مستحق شہری تک مؤثر انداز میں پہنچانے کے اقدامات کرنے چاہئیں۔

اشاعتِ خاص

عوامی مشکلات کا احساس
وزیراعظم کا فیول ریلیف پیکیج ایک بروقت اقدام



تحریر: محمد فیصل ندیم

موجودہ عالمی حالات میں جب دنیا بھر کی معیشتیں مختلف نوعیت کے چیلنجز سے دوچار ہیں اور مشرق وسطیٰ میں جاری بحران کے باعث عالمی سطح پر تیل کی منڈیوں میں دباؤ برقرار ہے ایسے وقت میں پاکستان کے عام شہری کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے وزیراعظم کی جانب سے خصوصی فیول ریلیف اسکیم کا آغاز ایک اہم اقدام ہے۔ یہ اسکیم اس حکومتی سوچ کی عکاسی کرتی ہے کہ مشکل حالات میں ریاست کی ذمہ داری صرف مسائل کی نشاندہی کرنا نہیں بلکہ عام آدمی کو عملی سہولت فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کرنا بھی ہے۔ پٹرول کی قیمت میں معمولی سی تبدیلی بھی عام شہری کے ماہانہ بجٹ پر براہ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ ایک مزدور دکاندار سرکاری ملازم نجی ادارے کا کارکن طالب علم یا چھوٹا کاروبار کرنے والا شخص روزانہ آمدورفت کے لیے موٹر سائیکل یا چھوٹی گاڑی استعمال کرتا ہے۔ ایسے میں ایندھن کے اخراجات میں کمی صرف چند روپے کی بچت نہیں ہوتی بلکہ گھر کے مجموعی بجٹ پر پڑنے والے دباؤ کو کم کرنے کا ذریعہ بھی بنتی ہے۔ اسی تناظر میں خصوصی فیول ریلیف اسکیم عام شہری کے لیے اہمیت رکھتی ہے۔ حکومت نے اس اسکیم کے ذریعے ایسے طبقات کو ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کی ہے جو روزمرہ سفر کے لیے موٹر سائیکل، رکشہ، چنگ چی یا چھوٹی گاڑی استعمال کرتے ہیں۔ اسکیم کے تحت موٹر سائیکلوں، رکشوں اور تین پہیوں والی گاڑیوں کے لیے ماہانہ 20 لیٹر جبکہ 800 سی سی تک کی موٹر کاروں کے لیے ماہانہ 30 لیٹر پٹرول کی سہولت رکھی گئی ہے۔ اس پروگرام کا نمایاں پہلو فی لیٹر 100 روپے کی رعایت ہے۔ موٹر سائیکل اور رکشہ مالکان کو 5 لیٹر کے ٹوکن پر 500 روپے جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑی رکھنے والے شہریوں کو 10 لیٹر کے ٹوکن پر 1000 روپے تک کی رعایت حاصل ہو سکتی ہے۔ خصوصی فیول ریلیف اسکیم کو مرحلہ وار نافذ کیا گیا تاکہ اس کے تکنیکی اور انتظامی پہلوؤں کو منظم انداز میں فعال کیا جا سکے۔ پہلے مرحلے میں ملک بھر میں ایس ایم ایس کے ذریعے رجسٹریشن کا عمل شروع کیا گیا اور شہریوں کو صرف ایک مرتبہ رجسٹریشن کی سہولت فراہم کی گئی۔ دوسرے مرحلے میں 14 اور 15 ستمبر 2026 کی درمیانی شب اسلام آباد کی حدود میں ٹوکن کے اجرا اور استعمال کی سہولت فعال کی گئی جبکہ 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب اس پروگرام کو ملک بھر تک توسیع دی گئی۔ اس اسکیم میں رجسٹریشن کا طریقہ کار

بھی موبائل فون کے ذریعے آسان رکھا گیا ہے، تاکہ شہریوں کو غیر ضروری دفتری مراحل سے نہ گزرنا پڑے۔ رجسٹریشن کے لیے شہریوں کو 9771 پر مطلوبہ معلومات کے ساتھ ایس ایم ایس بھیجنا ہوگا۔ مقررہ طریقہ کار کے مطابق پیغام میں REG شناختی کارڈ نمبر گاڑی کا رجسٹریشن نمبر رجسٹرڈ صوبے کا پہلا حرف اور گاڑی کی رجسٹریشن تاریخ درج کرنا ضروری ہے۔ رجسٹریشن صرف ایک مرتبہ کی جائے گی۔ رجسٹریشن مکمل ہونے کے بعد پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر ایس ایم ایس بھیجنے سے ٹوکن حاصل کیا جا سکتا ہے۔ موصول ہونے والے پیغام میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن کی میعاد سے متعلق تفصیلات فراہم کی جائیں گی۔ پٹرول پمپ پر آپریٹر موبائل ایپ کے ذریعے ٹوکن کی تصدیق کرے گا، جس کے بعد شہری کو رعایتی قیمت پر پٹرول فراہم کیا جائے گا۔ موٹر سائیکلوں اور تین پہیوں والی گاڑیوں کے لیے 5 لیٹر کے ٹوکن جاری کیے جائیں گے جن کی مدت استعمال سات دن ہوگی۔ اس کیٹیگری میں ایک ہفتے کے دوران ایک ٹوکن حاصل کیا جا سکے گا جبکہ ماہانہ حد 20 لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے لیے 10 لیٹر کے ٹوکن ہوں گے جن کی میعاد دس دن ہوگی۔ اس کیٹیگری میں ہر دس دن کے دوران ایک ٹوکن حاصل کیا جا سکے گا اور ماہانہ حد 30 لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ اس پروگرام میں ڈیجیٹل نظام کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ ایس ایم ایس رجسٹریشن ٹوکن کے اجرا اور پٹرول پمپ پر تصدیق کے لیے مربوط نظام تیار کیا گیا ہے۔ قومی شناختی کارڈ سے منسلک رجسٹریشن کے ذریعے دہری رجسٹریشن اور ممکنہ غلط استعمال کی روک تھام کے لیے بھی انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس نظام کو ملک بھر سے موصول ہونے والی بڑی تعداد میں ایس ایم ایس درخواستوں کو سنبھالنے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے، تاکہ اہل شہریوں کو سہولت فراہم کی جا سکے۔ اس پورے عمل میں مختلف سرکاری اداروں کے درمیان رابطہ اور تعاون بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ وزارت خزانہ، پٹرولیم ڈویژن، اوگرا، پی ٹی اے، پی ڈی اے، اسٹیٹ بینک، ضلعی انتظامیہ، این آئی ٹی بی، نادرا اور ٹیلی کام آپریٹرز سمیت متعلقہ اداروں کے باہمی تعاون سے اسکیم کے انتظامی اور تکنیکی مراحل کو آگے بڑھایا گیا ہے۔ ایک ملک گیر عوامی ریلیف پروگرام کی کامیابی کے لیے اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ، بروقت کارروائی اور مسلسل نگرانی ضروری ہوتی ہے۔ شہریوں کی رہنمائی اور مسائل کے حل کے لیے متعلقہ نظام میں کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے جہاں پروگرام کی نگرانی اور موصول ہونے والی شکایات کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ شہریوں کے لیے 9771، پٹرول پمپ مالکان کے لیے 9772 اور واٹس ایپ بوٹ نمبر 03498041526 فراہم کیا گیا ہے، تاکہ رجسٹریشن، ٹوکن یا تصدیق سے متعلق مسائل میں رہنمائی حاصل کی جا سکے۔ اسکیم سے فائدہ اٹھانے کے لیے شہریوں کو رجسٹریشن کے دوران چند اہم احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ہوں گی۔ جس سم سے رجسٹریشن کی جائے وہ اسی شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ ہونی چاہیے۔ صوبے سے مراد وہ صوبہ ہوگا جہاں گاڑی رجسٹرڈ ہے۔ گاڑی کا رجسٹریشن نمبر درج کرتے وقت اسپیس استعمال نہیں کرنی جبکہ تمام معلومات درست اور مکمل درج کرنا ضروری ہے۔ غلط معلومات کی صورت میں رجسٹریشن یا ٹوکن کے حصول میں دشواری پیش آ سکتی ہے۔ کسی بھی عوامی فلاحی پروگرام کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ اس کی معلومات زیادہ سے زیادہ اہل شہریوں تک پہنچیں۔ بہت سے افراد سہولت کی موجودگی سے لاعلمی غلط طریقہ کار یا نامکمل معلومات کے باعث فائدہ حاصل نہیں کر پاتے۔ اس لیے شہریوں کو رجسٹریشن، ٹوکن کے حصول رعایت کی مقدار اور مقررہ شرائط سے آگاہ کرنا نہایت اہم ہے۔ عوامی سطح پر درست معلومات کی فراہمی سے نہ صرف شہریوں کی مشکلات کم ہو سکتی ہیں بلکہ پروگرام کے شفاف اور مؤثر استعمال میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر رعایت، عام شہریوں کے لیے اہم سہولت

درست معلومات اور بروقت رجسٹریشن، اسکیم سے فائدہ اٹھانے کی بنیادی شرط

عوامی ریلیف صرف اعلان تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کے عملی فوائد عام شہری تک پہنچنا بھی موجودہ معاشی حالات میں محدود آمدنی رکھنے والے خاندانوں کے لیے روزانہ آمدورفت کے اخراجات ایک بڑا مسئلہ بن چکے ہیں۔ موٹر سائیکل استعمال کرنے والے افراد میں مزدور، طلبہ چھوٹے دکاندار، نجی ملازمین اور مختلف شعبوں سے وابستہ کارکن شامل ہیں۔ ان افراد کے لیے پٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کی رعایت ماہانہ اخراجات میں کمی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ اسی طرح چھوٹی گاڑی رکھنے والے شہریوں کے لیے بھی مقررہ حد کے اندر رعایتی پٹرول ایک اضافی مالی سہولت فراہم کر سکتا ہے۔ اس اسکیم کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ ریلیف کی فراہمی کے لیے موبائل فون اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھایا گیا ہے۔ اس سے شہریوں کو گھر بیٹھے رجسٹریشن اور ٹوکن کے حصول کی سہولت ملتی ہے۔ تاہم اس نظام کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ ایس ایم ایس سروس موبائل ایپ پٹرول پمپ کی تصدیق اور شکایات کے ازالے کا عمل مسلسل فعال رکھا جائے۔ شہریوں کو بروقت جواب ملنا اور تکنیکی مسائل کا فوری حل پروگرام پر اعتماد کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ وزیراعظم کی خصوصی فیول ریلیف اسکیم کا بنیادی مقصد عام شہری کے ایندھن کے اخراجات میں براہ راست کمی لانا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ تمام اہل افراد کو یکساں مواقع فراہم ہوں رجسٹریشن کا عمل شفاف رہے اور رعایت مقررہ اصولوں کے مطابق مستحق شہریوں تک پہنچے۔ اس کے ساتھ ساتھ پروگرام کی کارکردگی عوامی شکایات اور عملی نتائج کا جائزہ بھی لیا جانا چاہیے تاکہ جہاں کہیں خامی یا دشواری سامنے آئے، اسے بروقت دور کیا جا سکے۔

آسٹریلوی کرکٹ کی دھاک اب ختم ہو چکی ہے، ایلن ڈونلڈ

کینگروز کی ٹیم اب ویسی نہیں رہی جس سے حریف ٹیمیں پہلے ڈرا کرتی تھیں

سڈنی (این این آئی) جنوبی افریقہ کے سابق مایہ ناز فاسٹ بولر ایلن ڈونلڈ نے آسٹریلوی ٹیم کی حالیہ پرفارمنس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کینگروز کی ٹیم اب ویسی نہیں رہی جس سے حریف ٹیمیں پہلے ڈرا کرتی تھیں۔ آسٹریلوی کرکٹ کی دھاک اب ختم ہو چکی ہے۔

ماہرہ خان پہلی مرتبہ 24 سال کی عمر میں ماں بنی تھیں

تم ہی میری پوری دنیا ہو، ماہرہ خان کا اپنے بیٹے اذلان کیلئے محبت بھرا پیغام

کراچی (این این آئی) پاکستانی سپر اسٹار ماہرہ خان نے دوسری بار ماں بننے کی تیاریوں کے دوران اپنے بیٹے اذلان عسکری کیلئے محبت بھرا پیغام شیئر کر کے مداحوں کی توجہ حاصل کر لی۔ 41 سالہ اداکارہ نے حال ہی میں اپنی دوسری پرگنسی کا اعلان کیا، جس کے بعد انہیں شوبز شخصیات اور مداحوں کی جانب سے مبارکباد اور نیک خواہشات موصول ہو رہی ہیں۔ اس خوشی کے موقع پر ماہرہ خان نے اپنے بیٹے اذلان کے ساتھ انسٹاگرام اسٹوری پر ایک تصویر شیئر کرتے ہوئے انہیں اپنا ون اینڈ اونلی قرار دیا، جس سے ماں بیٹے کے درمیان گہرے تعلق کی ایک بار پھر خوبصورت جھلک دیکھنے کو ملی۔

انیل کپور نے اپنی کامیابی کا کریڈٹ بیٹیوں کو دیدیا

بیٹیاں والد کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہوتیں، انیل کپور کی گفتگو

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار انیل کپور نے اپنے کامیاب کیریئر کا سہرا اپنی بیٹیوں ریا اور سونم کپور کے سر سجا دیا۔ 69 سالہ اداکار نے حال ہی میں اپنے کیریئر اور خاندانی ذمے داریوں کے درمیان توازن قائم رکھنے سے متعلق گفتگو کی۔ انیل کپور نے دی انیل کپور شو میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیٹیاں والد کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہوتیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ میں اپنے خاندان کے لیے کمانے کی خاطر کام کرتا ہوں، لیکن کوئی یہ نہیں سمجھتا کہ میرا خاندان میرے لیے کتنا اہم ہے۔ انیل کپور نے ماضی کا قصہ یاد کرتے ہوئے بتایا کہ جب میری بیٹی ریا کی پیدائش ہوئی تو میں اسپتال دیر سے پہنچا، میں نے سوچا کہ میں بہت دیر سے پہنچا اور اسے دیکھنے کا موقع گنوا دیا۔

ایشین گیمز، پاکستانی اتھلیٹ ثنا عارف کی متاثر کن کہانی

1.9 کلومیٹر تیراکی، 90 کلومیٹر سائیکلنگ اور 21.1 کلومیٹر دوڑ شامل تھی

کراچی (این این آئی) پاکستان کی جانب سے ایشین گیمز کے لیے بھیجے گئے دستے میں ثنا عارف کی کہانی خاصی متاثر کن ہے جنہوں نے صرف پانچ سال قبل 2021 میں تیراکی سیکھنا شروع کی تھی اور اب جاپان میں پاکستان کی نمائندگی کریں گی۔ کویت میں پیدا ہونے والی اور لاہور میں پرورش پانے والی ثنا 2007 میں دوبارہ کویت منتقل ہو گئی تھیں۔ انہیں کھیلوں میں ہمیشہ دلچسپی رہی، تاہم تیراکی ان کے لیے ایک بڑی رکاوٹ تھی اور انہوں نے 2021 میں اسے سیکھنا شروع کیا۔ صرف دو سال بعد 2023 میں انہوں نے ترکی میں اپنا پہلا آئرن مین 70.3 مکمل کیا، جس میں 1.9 کلومیٹر تیراکی، 90 کلومیٹر سائیکلنگ اور 21.1 کلومیٹر دوڑ شامل ہوتی ہے۔ وہ اب تک تین آئرن مین 70.3 مقابلے مکمل کر چکی ہیں۔ کویت میں ٹریننگ کے دوران بھی انہیں سخت موسم کا سامنا رہا، جہاں گرمیوں میں درجہ حرارت 50 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کر جاتا ہے۔ ثنا اس سے قبل بتا چکی ہیں کہ وہ ٹریننگ کے لیے صبح 4 بجے بھی اٹھتی رہی

مینز ون ڈے اور ٹی 20 پلیئرز کی رینکنگ جاری

ون ڈے بیٹرز کی رینکنگ میں بھارت کے شمن گل کی پہلی پوزیشن

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے مینز ون ڈے اور ٹی 20 پلیئرز کی رینکنگ جاری کر دی، ون ڈے بیٹرز کی رینکنگ میں بھارت کے شمن گل کی پہلی اور پاکستان کے بابر اعظم کی چھٹی پوزیشن برقرار ہے۔ سلمان علی آغا ایک درجے بہتری کے بعد 14 ویں نمبر پر آ گئے، جنوبی افریقا کے کوئنٹن ڈی کاک 6 درجے تنزلی کے بعد 18 ویں نمبر پر چلے گئے اور آسٹریلیا کے میٹ رینشا 54 درجے بہتری کے بعد 68 ویں نمبر پر آ گئے، ون ڈے بالرز کی رینکنگ میں افغانستان کے راشد خان کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ پاکستان کے ابرار احمد بدستور دوسری پوزیشن پر ہیں۔ نیوزی لینڈ کے مچل سینٹر ایک درجے بہتری کے بعد چوتھے، پاکستان کے شاہین آفریدی ایک درجے بہتری کے بعد 7 ویں اور آسٹریلیا کے یتھن ایلس 20 درجے بہتری کے بعد 20 ویں نمبر پر پہنچ گئے۔ ون ڈے آل رانڈرز کی رینکنگ میں افغانستان کے عظمت اللہ عمرزئی کی پہلی پوزیشن برقرار ہے، ٹی 20 بیٹرز کی رینکنگ میں بھارت کے ایشان کشن کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ اکھیشک شرما نے صاحبزادہ فرحان سے دوسری پوزیشن چھین لی اور ایک درجے بہتری کے بعد دوسرے نمبر پر پہنچ گئے، صاحبزادہ فرحان تیسرے نمبر پر چلے گئے، ٹی 20 بالرز کی رینکنگ میں افغانستان کے راشد خان کی پہلی اور پاکستان کے ابرار احمد کی دوسری پوزیشن ہے۔

اب 20 سال پرانے رجسٹرڈ موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں



وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کیلئے

ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کیلئے

ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر بچت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

REG لکھ کر space دیں

STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر — 3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں

STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ — LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے — صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں

STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY — دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

ایس ایم ایس کے کوئی چارجز نہیں ہیں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:

STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی

STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف

اسلام آباد I آزاد جموں و کشمیر A گلگت بلتستان G
سندھ S پنجاب P خیبر پختونخوا K بلوچستان B

مزید رہنمائی کیلئے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں

وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
/Govtof Pakistan

URAAN PAKISTAN

PID (I) 2679-D/26

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

تک پولیو ویکسین پہنچانا انتہائی ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ جولائی میں راولپنڈی میں پایا جانے والا پولیو وائرس افغانستان سے آیا تھا۔ان کا کہنا تھا کہ، ہم خارجی وائرس کے خلاف لڑ رہے ہیں، تاہم پنجاب میں وائرس کی منتقلی کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جا سکتا۔عظمیٰ کاردار نے کہا کہ پنجاب میں پولیو وائرس کی منتقلی روکنے کے لیے مسلسل اور مربوط اقدامات جاری ہیں، تاہم صوبے میں موجود آبادیوں کی نقل و حرکت اور بیرونِ صوبہ و بیرونِ ملک سے وائرس کی آمد کے خطرے کے باعث کسی قسم کی غفلت کی گنجائش نہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں کوئی بچہ پولیو کے قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔والدین سے اپیل ہے کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، اپنے دروازے پولیو ورکرز کے لیے کھولیں اور پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔ 13 اضلاع میں مہم، ایک کروڑ سے زائد بچوں کا ہدفستمبر کی انسداد پولیو مہم پنجاب کے 13 اضلاع میں منعقد کی جائے گی، جس کے دوران 10 ملین سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔مہم کے لیے ہزاروں تربیت یافتہ پولیو ورکرز گھر گھر جا کر بچوں کو ویکسین پلائیں گے ۔ راولپنڈی میں تقریباً 8 ہزار پولیو ورکرز مہم کا حصہ بنیں گے، جبکہ ضلع میں مہم چار روز تک جاری رہے گی۔عظمیٰ کاردار نے کہا کہ مہم کی کامیابی کے لیے والدین، کمیونٹی رہنماؤں، طبی ماہرین اور معاشرے کے تمام طبقات کا تعاون ضروری ہے ۔انہوں نے کہا کہ پولیو کے خلاف جنگ صرف حکومت یا پولیو ورکرز کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر والدین اور ہر شہری کا مشترکہ فرض ہے۔پولیو کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح وزیراعلیٰ کی فوکل پرسن نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو پولیو سے مکمل طور پر چھٹکارا دلانا نہ صرف بچوں کو مستقل معذوری سے محفوظ بنانے کے لیے ضروری ہے بلکہ ملک کے لیے ایک اہم قومی اور بین الاقوامی مقصد بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیو سے چھٹکارا بہت اہم ہے، اور پولیو کا خاتمہ ہمیں ان مشکلات اور ہزیمت سے بھی بچا سکتا ہے جو اس بیماری کے باعث پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر درپیش ہیں۔عظمیٰ کاردار نے مزید کہا کہ پاکستان سے عمرہ اور حج کے لیے جانے والے شہریوں کے لیے پولیو ویکسینیشن ایک اہم سفری تقاضا ہے، اس لیے پولیو کا خاتمہ پاکستان کے لیے صحت عامہ کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی سفر کے حوالے سے بھی اہمیت رکھتا ہے ۔ہر بچے کی ویکسینیشن ضرور یقینی کاردار نے والدین پر زور دیا کہ وہ پولیو کے قطروں کے حوالے سے کسی بھی افواہ یا غلط معلومات پر یقین نہ کریں اور ویکسین سے متعلق سوالات یا خدشات کی صورت میں مستند طبی ماہرین اور پولیو پروگرام کے نمائندگان سے رہنمائی حاصل کریں۔انہوں نے کہا کہ پولیو ویکسین بچوں کو ایک ایسی بیماری سے محفوظ رکھتی ہے جو مستقل معذوری کا سبب بن سکتی ہے، جبکہ ہر اضافی خوراک بچے کے تحفظ کو مزید مضبوط کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ والدین پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں، اپنے بچوں کو ہر مہم میں پولیو کے قطرے پلوائیں اور پنجاب کو پولیو سے پاک رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سینٹر نے والدین سے اپیل کی ہے کہ 21 ستمبر سے شروع ہونے والی مہم کے دوران پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔

بقیہ 2

اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری چیک کی اور تعلیمی نظام میں نظم وضبط برقرار رکھنے کی ہدایت کی ۔انہوں نے سکول کے کلاس رومز سمیت مجموعی ماحول میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی معائنہ کیا۔اس موقع پر سکول کے عملے نے ڈپٹی کمشنر کو ادارے کو درپیش مختلف مسائل اور ضروریات سے آگاہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سکول کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور طالبات کو بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جائے ۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط، صفائی اور بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانا انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے۔

بقیہ 3

اور مستقبل کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔وفاقی وزیرِ ہاؤسنگ وتعمیرات نے ایف جی ای ایچ اے کی جانب سے حالیہ کامیاب نیلامی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اتھارٹی کی جانب سے کی جانے والی مسلسل اور انتھک محنت کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیرِاعظم پاکستان کے وژن کے مطابق وزارتِ ہاؤسنگ و تعمیرات اور ایف جی ای ایچ اے کی جانب سے کی جانے والی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں، جن کے نتیجے میں سرمایہ کاروں نے ایف جی ای ایچ اے پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے ۔ وزیرِ ہاؤسنگ و تعمیرات نے اس اہم پیش رفت پر سیکرٹری ہاؤسنگ وتعمیرات اور ڈائریکٹر جنرل ایف جی ای ایچ اے کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وزارت اور ایف جی ای ایچ اے کے باہمی تعاون سے ہاؤسنگ کے شعبے میں اہم پیش رفت کر رہے ہیں۔اس سے پہلے وفاقی وزیرِ ہاؤسنگ اینڈ تعمیرات فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی کے کچھ پروجیکٹس کی کارکردگی پر تشویش کا اظہار کرتے تھے لیکن اس بار انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا، اور مزید کہا کہ ایف جی ای ایچ اے کے مختلف منصوبے تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں، جن میں سیکٹر ایف 14 -، ایف 15 -، ڈی ایچ اے کے ساتھ جوائنٹ وینچر منصوبہ مارگلہ آرچرڈ سمیت دیگر ہاؤسنگ پراجیکٹس شامل ہیں۔ ان منصوبوں کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔اس موقع پر جناب ڈاکٹر سید توقیر حسین شاہ، ایڈوائزر ٹو پرائم منسٹر آف پاکستان، فیڈرل منسٹر فار اسٹیبلشمنٹ احد خان چیمہ کی خدمات کو بھی خصوصی طور پر سراہا گیا، جنہوں نے نیشنل ہاؤسنگ پالیسی کی تیاری اور وزارتِ ہاؤسنگ وتعمیرات سے متعلق اہم امور اور ڈرافٹس اپروو کروانے میں اہم کردار ادا کیا۔ان کی کاوشوں کو ہاؤسنگ سیکٹر میں پالیسی سازی اور مستقبل کے اقدامات کے حوالے سے اہم قرار دیا گیا۔ وزیرِ ہاؤسنگ وتعمیرات نے کہا کہ ایف جی ای ایچ اے کی حالیہ کامیاب نیلامی سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا ایک اہم سنگِ میل ہے ۔ سرمایہ کاروں کا ایف جی ای ایچ اے پر اعتماد اس بات کا واضح اظہار ہے کہ اتھارٹی اپنے منصوبوں کو آگے بڑھانے اور ہاؤسنگ کے شعبے میں نئی سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے میں کامیاب ہو رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ایف جی ای ایچ اے کے موجودہ الاٹیز کو ان کے پلاٹس کی فراہمی کے عمل کو مزید تیز کیا جائے گا اور جن الاٹیز کو پلاٹس الاٹ ہو چکے ہیں، انہیں ترقیاتی کاموں میں مزید پیش رفت کے ساتھ جلد از جلد پلاٹس کا قبضہ فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے ۔وزیرِ ہاؤسنگ وتعمیرات نے مزید کہا کہ ویٹنگ لسٹ میں موجود الاٹیز کے لیے نئی ہاؤسنگ اسکیمیں متعارف کرانے پر بھی کام کیا جا رہا ہے ۔تاکہ انہیں بھی رہائشی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے ۔ اسی طرح زیرِ التواء ہاؤسنگ منصوبوں کو بھی جلد مکمل کرنے اور انہیں عملی طور پر آگے بڑھانے کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں گی۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ وزارتِ ہاؤسنگ وتعمیرات اور ایف جی ای ایچ اے باہمی تعاون سے جاری ہاؤسنگ منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے، نئے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے، انسانیت، معاشرے اور قدرتی دنیا کی خدمت میں باقی رہے۔

بقیہ 49

کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق خاتون کی نعش بھی ضروری کارروائی کے بعد ہسپتال منتقل کر دی۔جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت 19 سالہ کومل دختر کاشف جبکہ زخمی کی شناخت 21 سالہ شازیہ زوجہ شمعون کے نام سے ہوئی ہے۔پولیس کی جانب سے مین جی ٹی روڈ کسان اڈہ کے قریب پیش آئے حادثے کے محرکات اور ذمہ دار ڈرائیور کے حوالے سے مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 50

حسین احمد رضا چوہدری نے ڈی پی او توقیر محمد نعیم کے ہمراہ خیام چوک فلائی اوور پر تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا اور بتایا گیا کہ خیام چوک کی مجموعی تزئین و آرائش اس منصوبہ کا حصہ ہے، جس کا مقصد شہر کے اس اہم اور مصروف ترین چوک اور فلائی اوور کو بہتر، خوبصورت اور شہریوں کے لیے مزید سہولت بخش بنانا ہے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ منصوبے پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے۔

بقیہ 51

مواصلات کی زیرِ صدارت این ایچ اے کے اجلاس میں کی گئی۔اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔وفاقی وزیرِ مواصلات نے بتایا کہ لودھراں ملتان ایکسپریس وے پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے جبکہ جی ٹی روڈ(5 لالہ موسیٰ بائی پاس کا ابتدائی کام شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 52

سیمولیٹر روم کا معائنہ کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فوکسڈ ریڈیو تھراپی لینئر ایکسیلیٹر روم کا بھی معائنہ کیا ۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ملتان کینسر سنٹر میں جدید ترین جائنز کرائیو ایبلیشن مشین کا بھی تفصیلی معائنہ کیا۔اس موقع پر بتایا گیا کہ چین میں رائج کرائیو ایبلیشن مشین کے ذریعے محض سوئی استعمال کر کے کینسر رسولیوں کو ختم کر دیا جاتا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کوابلیشن مشین سے کینسر کا علاج کرانے والی پہلی مریضہ مسرت ارشد سے ملاقات کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے ملاقات کے دوران کمالیہ کی 55 سالہ مسرت ارشد کینسر کے کامیاب علاج پر فرط جذبات سے رونے لگیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مسرت ارشد کو دلاسہ دیا اور کینسر سے بچاؤ پر مبارکباد پیش کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میاں چنوں کی 24 سالہ نسرین کی عیادت بھی کی اور پیار کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نسرین کی والدہ سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ چین سے کینسر کے علاج کے لئے کوابلیشن مشین لائی ہوں۔اب آپ کو فکر کی ضرورت نہیں ہے، انشاء اللہ نسرین مکمل طور پر کینسر سے شفایاب ہو جائے گی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈاکٹرز کے ہاتھ چیت کی اور عوام کی خدمت کی تلقین کی، ڈاکٹرز کی خواہش پر فوٹو بنوائے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نسٹرز ہسپتال میں عوام کو دیکھ کر پاس پہنچ گئیں، عوام سے بات چیت کی اور شکریہ ادا کیا۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو راجہ جہانگیر انور اور سیکرٹری ہیلتھ عظمت محمود نے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ ملتان کینسر سنٹر میں بچوں کے لئے الگ کینسر وارڈ قائم کیا گیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کینسر وارڈ کو جلد از جلد مکمل طور پر فنکشنل کرنے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ 53

ڈان کے دوران کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ کارروائی کے دوران 32 لاکھ روپے نقد اور ہنڈی حوالہ سے متعلق اہم ڈیجیٹل شواہد برآمد کیے گئے۔ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون کی ہدایات اور ڈپٹی ڈائریکٹر اے سی سی کراچی کی نگرانی میں انکوائری نمبر 85/2026 کے سلسلے میں ٹیم نے صدر کے علاقے میں موبائل مارکیٹ کے قریب کارروائی کی۔کارروائی کے دوران محمد علی، اعزاز احمد اور عبدالقدیر کو گرفتار کیا گیا۔ترجمان کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 32 لاکھ روپے نقد جبکہ ہنڈی حوالہ سے متعلق چیکس اور ریکارڈ پر مشتمل 3 موبائل فونز برآمد کر کے تحویل میں لے لیے گئے۔

بقیہ 54

کی جانب سے ایڈووکیٹ مبشر اثاقب پیش ہوئے۔عدالت نے ریمارکس دیئے کہ سال 2019ء سے آپ کیس پر دلائل نہیں دے رہے۔وکیل پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ چلیں آئندہ سماعت پر دلائل دے دیں گے ۔جس پر عدالت نے کہا کہ چلیں کیا، آپ ایک لاکھ روپے جرمانہ ڈسپنسری میں جمع کروائیں۔جرمانہ ادا نہ کرنے پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی ذاتی حیثیت میں پیش ہوں۔

بقیہ 55

عالمی مثال ہے، سندھ طاس معاہدہ پانی کی تقسیم، معلومات کے تبادلے اور تنازعات کے حل کا واضح نظام دیتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطلی یا اسے غیر فعال قرار دینے کی کوئی شق موجود نہیں، معاہدے کو یک طرفہ طور پر معطل یا نظر انداز کرنا سنگین قانونی سوالات پیدا کرتا ہے ، ثالثی عدالت اور غیر جانبدار ماہر کا طریقہ کار تنازعات کے حل کے دو الگ راستے ہیں،

بقیہ 56

کی جا رہی ہیں، سود کو پہلے مرحلے پر 9 فیصد تک لایا جائے ۔انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے عذاب میں حکومت کی کرنے کو تیار نہیں جبکہ حکومت جو پیکیج دے رہی ہے وہ بھی ناکافی ہے ، اکثریت کو سبسڈی نہیں مل رہی لیکن لیوی کرتے تو سب کو ریلیف مل جاتا۔حافظ نعیم نے سوال اٹھایا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو زیادہ مارجن کیوں دیے جا رہے ہیں، آئی پی پیز اور دری ایسٹیفیکیشن کے پلانٹس کو آج بھی کیپسٹی پیمنٹ دی جا رہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ امریکا ایران جنگ کے شروع ہونے پر پیٹرولیم قیمتیں بڑھ گئیں جبکہ بھارت، بنگلا دیش اور چین میں ریفائنریز سے بات کر کے لوگوں کو ریلیف پہنچایا لیکن ہماری حکومت نے ٹارگٹ سے بھی زیادہ لیوی اکٹھی کر لی۔

بقیہ 57

گیا تھا۔دوران چیکنگ ایئرپورٹ سکیورٹی فورس (اے ایس ایف) کے اہلکاروں کو مسافر کے ٹکٹ پر شک ہوا جس پر تحقیقات کی گئیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ مسافر کے پاس سعودی عرب کا مبینہ جعلی ٹکٹ موجود تھا۔اے ایس ایف نے مسافر کو حراست میں لے کر قانونی کارروائی کے لئے پولیس کے حوالے کر دیا۔واقعے کے حوالے سے تھانہ سرور روڈ میں مقدمہ درج کرنے کیلئے درخواست جمع کرا دی گئی ہے۔

بقیہ 58

بجائے ٹرین میں سفر کو ترجیح دیں۔ٹرین کے سفر سے ٹریفک حادثات کے ساتھ ساتھ آلودگی پر بھی قابو پایا جا سکتا ہے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ حکومت وقت کے ساتھ ساتھ ٹرین کے سفر کو معیاری اور عصری تقاضوں کے مطابق آرام دہ بنانے کے لئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے ۔اس موقع پر آئی جی ریلوے فخر سلطان نے کہا کہ ریلوے پولیس عوام کی جان و مال کی حفاظت کے ہر وقت کوشاں ہے۔علاوہ ازیں، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کوہاٹ پولیس لائنز کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے ۔گورنر پنجاب نے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 4

بریفنگ دی اور سموگ کے خاتمے کے حوالے سے شہر میں واشنگ اور دیگر صفائی سرگرمیوں سے بھی آگاہ کیا، کیپٹن کمشنر ٹیم نے جمعہ کے روز جامع مساجد میں جا کر شہریوں کو صفائی کا پیغام دیا، انسداد سموگ اور ڈینگی کی حفاظتی تدابیر پر مشتمل پمفلٹس بھی تقسیم کئے ،امام صاحبان کو صفائی کا پیغام نمازیوں تک پہنچانے کی اپیل بھی کی۔

بقیہ 5

نواز شریف نے کہا کہ پاکستان کی'' آٹو موٹیو'' صنعت صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کا اہم ذریعہ ہے ۔ پنجاب حکومت مقامی پیداوار، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور جدت کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کاروباری روابط، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر کے لئے موثر ثابت ہوگا۔آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک ماہرین نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کو قابل تقلید قرار دیا۔الیکٹرک وہیکل انڈسٹری کے نمائندوں اور انتظامی افسران نے گرین ٹیکسی، وزیراعلیٰ بائیک سکیم کو خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر ای وی انڈسٹری نمائندگان نے گرین ٹیکسی اور بائیک سکیم کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شاندار اقدام قرار دیا۔ٹریکٹر سازانڈسٹری کے نمائندگان اور مالکان نے وزیراعلیٰ گرین ٹریکٹر سکیم کے اجرا کو سراہا۔نمائندگان ٹریکٹر ساز کمپنی کا کہنا تھا کہ گرین ٹریکٹر سکیم سے ٹریکٹر سازی کی صنعت اپنے پاؤں پر کھڑی ہوگئی ہے ۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی گرین ٹریکٹر سکیم سے لوکل ٹریکٹر سازی کو فروغ ملا ۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو کا افتتاح کرنے کے بعد مختلف سٹالز کا دورہ کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے الیکٹرک گاڑیوں کا معائنہ کیا اور الیکٹرک ایمبولینس میں اظہار دلچسپی کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جدید ترین گاڑیوں، بائیکس، جنریٹر کا جائزہ لیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوزوکی کمپنی کے بائیو گیس ماڈل کا بھی معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نواز شریف سوزوکی اور دیگر سٹال پر غیر ملکی ماہرین سے بات چیت ہوئی، معلومات لیں ۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے'' میڈان پاکستان'' معصوعات کے معیار کو سراہا۔ PAAPAM کے چیئرمین عثمان اسلم ملک، چیف آرگنائزر سید نبیل ہاشمی اور دیگر نے تفصیلی بریفنگ دی۔ایکسپو سنٹر کے چار ہالوں میں جاری پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 میں ملکی و غیر ملکی کمپنیوں نے بھرپور شرکت کی۔آٹو شو میں 150 نمائش کنندگان، 44 بین الاقوامی اور 43 مقامی نمائش کنندگان شریک ہوئے ۔سوزوکی، کیا، جی اے سی، چیری، سازگار، بی وائی ڈی، جی ٹور، ہنڈائی اور ہونڈا سمیت نمایاں آٹو برینڈز نے سٹال لگائے ۔آٹو شو میں کاریں، موٹر سائیکلیں، الیکٹرک اور سیمی الیکٹرک اور مقامی آٹو پارٹس نمائش کیلئے پیش کئے گئے۔

بقیہ 6

کی نجکاری میں پیش رفت اور توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاور ڈویژن نے ڈسکوز کی نجکاری کے لیے درکار پالیسی، اصلاحاتی اور ادارہ جاتی امور مکمل کر لیے ہیں، جبکہ نجکاری کا عملی عمل متعلقہ فورمز اور نجکاری کمیشن کے ذریعے آگے بڑھ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت بجلی کی تقسیم کے نظام کی کارکردگی، مالیاتی پائیداری، گورننس اور صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے جامع اصلاحات کر رہی ہے ۔اویس لغاری نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون مضبوط بنیادوں پر قائم ہے ۔ ان کے مطابق دونوں ممالک کے اداروں کے درمیان بجلی کی مارکیٹ، ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کے شعبوں میں تعاون کے لیے تین مفاہمتی یادداشتیں اہم پیش رفت ہیں۔ترک سفیر نے پاکستان میں پاور سیکٹر کی اصلاحات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ترک کمپنیاں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ملاقات میں توانائی کے شعبے میں اصلاحات، سرمایہ کاری، تکنیکی تعاون اور نجی شعبے کی شمولیت کے لیے باہمی روابط مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 7

اور متعلقہ سٹاف کو شوکاز نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ایم ایس نے واقعے کی شفاف تحقیقات کے لیے ایک اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی بھی تشکیل دے دی ہے جو جلد اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ڈاکٹر عمر فاروق کا کہنا تھا کہ علاج معالجے میں ایسی کوئی بھی غفلت یا کوتاہی کسی صورت قابلِ قبول نہیں کی جائے گی۔انہوں نے عزم دہرایا کہ وزیرِاعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ہسپتال آنے والے تمام مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 8

پاکستان نعت کونسل حافظ کلیم حسانی کی شمولیت کے موقع پر کہی۔اس موقع پر دیگر وفود نے بھی ان سے ملاقات کی جن میں پروفیسر اعجاز عتیق خالد۔ملک امجد حسین۔ سردار نسیم احمد خان۔ سردار طاہر محمود خان۔ ایس کیانی اور دیگر سیاسی وسماجی رہنما شامل تھے ۔ ان وفود سے بات کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہم اقتدار کے بغیر بھی عوامی سطح پر وہ کام کر رہے ہیں جو بلدیاتی نمائندوں کے ہو۔

بقیہ 9

محفوظ تعلیمی ماحول فراہم ہو سکے اساتذہ، شہریوں اور طلبہ کا کہنا تھا کہ سرکاری پرائمری اسکول نمبر ٹو کی عمارت کا تعمیراتی منصوبہ گزشتہ کئی سال سے مکمل نہیں ہو سکا جس کے باعث اسکول میں زیرِ تعلیم بچوں کو مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی اداروں کی عمارتیں بروقت مکمل نہ ہونے سے نہ صرف سرکاری وسائل کے استعمال پر سوالات اٹھتے ہیں بلکہ اس کا براہِ راست اثر بچوں کی تعلیم پر بھی پڑتا ہے مظاہرین نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ اسکول کی نامکمل عمارت کے معاملے کا نوٹس لیا جائے اور تعمیراتی کام میں تاخیر کی وجوہات معلوم کر کے ذمہ داروں سے جواب طلب کیا جائے انہوں نے کہا کہ گرتعمیراتی منصوبے کے لیے فنڈز مختص اور جاری کیے گئے ہیں تو اس کے باوجود سات سال تک کام کا مکمل نہ ہونا قابلِ توجہ معاملہ ہے جس کی شفاف جانچ ضروری ہے اساتذہ شہریوں اور طلبہ نے صوبائی وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ سے اپیل کی کہ بڈانی کے سرکاری پرائمری اسکول نمبر ٹو کی نامکمل عمارت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ محکمہ تعلیم اور تعمیراتی حکام کو عمارت کا کام جلد مکمل کرانے کی ہدایات جاری کی جائیں مظاہرین کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے سرکاری اسکولوں میں تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے دعوؤں کے باوجود اگر کسی اسکول کی عمارت سات سال تک نامکمل رہے تو اس سے مقامی طلبہ اور اساتذہ کی مشکلات میں اضافہ ہوتا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ اسکول کی عمارت مکمل کر کے اسے محکمہ تعلیم کے حوالے کیا جائے تاکہ بچوں کو مناسب تعلیمی سہولیات میسر آ سکیں انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ اسکول کی تعمیر میں استعمال ہونے والے فنڈز تعمیراتی کام کی موجودہ صورتحال اور منصوبے کی تکمیل میں ہونے والی تاخیر کی بھی متعلقہ حکام کی جانب سے جانچ کی جائے اور اگر کسی سطح پر غفلت یا بے ضابطگی ثابت ہو تو قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 10

کے مختلف یونٹس کے عہدیداران اور جعفری نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی میٹنگ میں یونٹ کنڈھکوٹ گلشیر محلہ دائیا محلہ علی خامنہ ای عیدگاہ محلہ ماڈل کالونی سمیت مختلف یونٹس کے نمائندگان شریک ہوئے اجلاس کے دوران سٹی کنڈھکوٹ کی کابینہ میں سید علی رضا کو تعلیم سیکریٹری جبکہ برادر کامران علی نصیرانی کو چیف اسکاؤٹ منتخب کیا گیا۔ بعد ازاں سٹی صدر سید سراج شاہ نے دونوں نئے عہدیداران سے ان کے عہدوں کا حلف لیا تقریب میں ڈویژنل نامزد جنرل سیکریٹری برادر راجا امیر حسن، ایس یو سی ڈویژنل سیکریٹری بشیر حیدری ایس یو سی ضلع کشمور ایت کنڈھکوٹ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری برادر علی نواز ساجدی جی ایس او تعلقہ آرگنائزر برادر طفیل احمد، ایس یو سی تعلقہ کنڈھکوٹ کے نائب صدر برادر امتیاز علی اور سابق جی ایس او سٹی کنڈھکوٹ جنرل سیکریٹری عامر علی سمیت دیگر عہدیداران اور کارکنان نے شرکت کی اس موقع پر تنظیمی رہنماؤں نے ڈویژنل اجلاسِ عام کے مقاصد، تنظیمی امور اور آئندہ کی سرگرمیوں کے حوالے سے شرکاء کو آگاہ کیا مقرریں نے نوجوانوں کی تنظیمی سرگرمیوں میں شرکت اور باہمی رابطے کو مزید مؤثر بنانے کی اہمیت پر بھی گفتگو کیا اجلاس کے اختتام پر نئے عہدیداران کو مبارکباد پیش کی گئی اور تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فعال بنانے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ 11

انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ میچز کے دوران شائقین اور شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مؤثر کوآرڈینیشن کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں۔انہوں نے پولیس اور ٹریفک پولیس حکام کو سکیورٹی اور ٹریفک کے جامع انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ میچز کے اوقات میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان پر مؤثر عملدرآمد کیا جائے ۔ڈپٹی کمشنر نے سٹیڈیم روڈ اور مری روڈ پر جاری ترقیاتی و تعمیراتی کاموں کو بھی میچز سے قبل فوری مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں تاکہ شہریوں اور کرکٹ شائقین کو آمدورفت میں مشکلات پیش نہ آئیں۔انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ کرکٹ میچز کے انعقاد کے حوالے سے تفویض کردہ ذمہ داریوں کو بروقت مکمل کیا جائے اور انتظامات میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ برتی جائے۔

بقیہ 12

روضہ رسول ﷺ اور جنت البقیع کی حاضری سمیت عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 13

انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو لازمی طور پر پولیو کے قطرے پلائیں تاکہ ملک کو پولیو سے پاک بنایا جا سکے اس موقع پر کیڈٹ ٹیکنیشن آفیسر نے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کشور ضلع میں قومی انسدادِ پولیو مہم کے دوران 334,408 بچوں کو انسدادِ پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے 54 فکسڈ ٹیمیں، 43 ٹرانزٹ پوائنٹس اور 916 ٹیمیں مقرر کی گئی ہیں، جو گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی، جبکہ 54 یو سی ایم اوز مہم کی نگرانی کریں گے تقریب میں محکمہ صحت کے افسران، پولیو ورکرز اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی اور مہم کو کامیاب بنانے کے عزم کا اظہار کیا جبکہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس سے سول اسپتال کندھ کوٹ تک پولیو مہم کے حوالے سے آگاہی ریلی بھی نکالی گئی۔

بقیہ 14

مکمل طور پر آزاد، غیر جانب دار، شفاف اور ضمیر ہونا چاہیے اور سابق و موجودہ افسران، ایڈمنسٹریٹرز اور انتظامی سربراہان کے ادوار کا بھی جامع حساب لیا جائے ۔شہریوں نے مطالبہ کیا کہ ترقیاتی منصوبوں اور فنڈز کے ساتھ بلدیہ کی دکانوں کی نیلامی و بولیوں، ٹھیکوں، دکانوں سے متعلق فائلوں، لیز و کرایوں، واٹر کنکشنز، بل بورڈز، اشتہاری فیسوں، پارکنگ، اسٹالز اور دیگر آمدنی کے ذرائع کا بھی مکمل آڈٹ کیا جائے ۔شہریوں کے مطابق نالوں کی صفائی، سٹریٹ لائٹس، پانی اور دیگر شہری سہولیات کے لیے فنڈز مختص ہونے کے باوجود مسائل برقرار ہیں، اس لیے ہر منصوبے اور اخراجات کی دستاویزی جانچ کے ساتھ موقع پر فزیکل ویری فکیشن بھی ضروری ہے ۔شہری حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے خصوصی مطالبہ کیا کہ وہ خود اس انکوائری پر نظر رکھیں اور روزانہ کی بنیاد پر آڈٹ کی پیش رفت اور اہم نتائج کی رپورٹ طلب کریں تاکہ تحقیقات کسی دباؤ یا مداخلت کے بغیر منطقی انجام تک پہنچ سکیں۔شہریوں کا ک

مریضہ کو ڈرپ ہاتھ میں پکڑانے پر ایم ایس کا سخت ایکشن

رکشے میں ڈرپ پکڑے ویڈیو وائرل ہونے کا معاملہ؛ ڈیوٹی ڈاکٹر، نرس اور عملے کو شوکاز نوٹسز جاری

ایم ایس ڈاکٹر عمر کا غفلت پر اظہارِ برہمی، حقائق کا پتہ لگانے کے لیے اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی قائم

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان میں انسانی ہمدردی اور طبی اخلاقیات کے منافی افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں ایک مریضہ کو انتہائی تشویشناک حالت میں ڈرپ لگا کر اور ہاتھ میں پکڑا بھیج دیا بعدازاں خاتون ڈرپ ہاتھ میں پکڑے رکشے میں سفر کرتی مریضہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد عوامی حلقوں میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔ معاملے کی سنگینی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر عمر مرزا نے فوری نوٹس لیتے ہوئے فرض میں کوتاہی برتنے پر ڈیوٹی پر تعینات ڈاکٹر، نرس (بقیہ نمبر 7)

بارود سے بھری گاڑی پولیس لائنز کے گیٹ سے ٹکرا کر دھماکا

دھماکے کے نتیجے میں 15 افراد جاں بحق اور 50 سے زائد زخمی ہو گئے

کوہاٹ (آئی آئی پی) کوہاٹ میں پولیس لائن کے قریب دھماکے کے نتیجے میں 15 افراد جاں بحق اور 50 سے زائد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دھماکا نماز جمعہ کے دوران ہوا جس سے مسجد کے باہر گڑھا پڑ گیا، دھماکے سے مسجد کا بیرونی حصہ شدید متاثر ہوا اور دیوار بھی گر گئی۔ دھماکے سے قریبی عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے جیو نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ بارود سے بھری گاڑی پرانی پولیس لائنز کے گیٹ سے ٹکرائی گئی جس کے بعد دھماکا ہوا اور فائرنگ (بقیہ نمبر 36)

وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

22 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

ڈاکٹر محمد سہیل انور چوہدری سیکرٹری (ریگولیشنز) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی تعینات

متعدد افسران کو اوایس ڈی بنا دیا گیا، متعدد کو اضافی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 22 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تقرری کے منتظر گریڈ 20 کے افسر ڈاکٹر محمد سہیل انور چوہدری کو سیکرٹری (ریگولیشنز) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی تعینات، سیکرٹری (آرکائیوز اینڈ لائبریری) ایس اینڈ جی اے ڈی مظفر خان سیال سے سیکرٹری ریگولیشن کا اضافی چارج واپس لے لیا گیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (انفورسمنٹ) خانیوال مدثر عارف کو اوایس ڈی بنا دیا گیا اور انہیں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت، پولیٹیکل اسسٹنٹ ڈی (بقیہ نمبر 33)

چیئرمین بزم احسان پاکستان نعت کونسل حافظ کلیم حسانی پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شامل ہو گئے۔
شمولیت کے بعد ان کا پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

باشعور عوام پاکستان کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، خاقان وحید خواجہ

چیئرمین بزم احسان پاکستان نعت کونسل، حافظ کلیم حسانی نے پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی

پارٹی سربراہ خاقان وحید خواجہ کا خیر مقدم، پارٹی میں ایسے افراد شامل ہو رہے ہیں جو ملک کی تقدیر بدلنا چاہتے ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام باشعور ہیں وہ اپنا اچھا اور برا اچھی طرح جانتے ہیں۔ ہماری پارٹی میں وہ لوگ شامل ہو رہے ہیں جو حقیقتاً اس ملک کی تقدیر کو بدلنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے یہ بات پارٹی میں شامل ہونے والے چیئرمین بزم احسان (بقیہ نمبر 8)

خالد حسین مگسی کی کوہاٹ میں دھماکے کی شدید مذمت

دہشت گردی کے ذریعے ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ذریعے ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ سوگوار (بقیہ نمبر 31)

چھوٹے کاروباروں کیلئے شریعہ کمپلائنٹ ڈیجیٹل فنانسنگ کی منظوری

نئی ڈیجیٹل فنانسنگ سہولت سے چھوٹے کاروباروں کو باضابطہ کریڈٹ نظام تک رسائی ملے گی

اسلام آباد (اے ایف بی) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے چھوٹے کاروباروں کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ڈیجیٹل فنانسنگ کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت چھوٹے کاروباری افراد ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے 30 لاکھ روپے تک فنانسنگ حاصل کر سکیں گے۔ ایس ای سی پی کے مطابق شامل کارتا جرایپ کے ذریعے منظور شدہ سپلائرز سے کاروباری سامان خریدنے کے لیے فنانسنگ حاصل کی جا سکے گی، (بقیہ نمبر 29)

ایف آئی اے نے محکمہ تعلیم کے دفاتر سیل کر دیئے

ایجوکیشن کمپلیکس کی کمرشل اراضی کسی کو 100 سالہ لیز پر نہیں دینے دیں گے، ایپکا

راولپنڈی (این این آئی) مری روڈ پر واقع 200 سالہ قدیم ایجوکیشن کمپلیکس پر دو اداروں کے درمیان تنازع عروج پر پہنچ گیا، محکمہ وقف متروکہ املاک کے ملکیتی کیس میں کامیابی کے بعد ایف آئی اے ٹیم نے محکمہ تعلیم کے دفاتر خالی کرا کر سیل کر دیئے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق 65 سال سے سکولز، لٹریسی اور کالجز کے دفاتر اس کمپلیکس میں قائم تھے۔ ایف آئی اے (بقیہ نمبر 28)

بڈانی سرکاری پرائمری اسکول کی عمارت 7 سال سے نامکمل

اساتذہ اور طلبہ کا ٹھیکیدار اجیت کمار کے خلاف مظاہرہ، صوبائی وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ سے تعمیراتی کام فوری مکمل کرانے کا مطالبہ

نامکمل عمارت کا فوری نوٹس لے کر کام جلد مکمل کرایا جائے اور فنڈز میں تاخیر یا غفلت کی شفاف جانچ کر کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے

بڈانی (سید رشید احمد شاہ) بڈانی شہر میں سرکاری پرائمری اسکول نمبر ٹو کی زیر تعمیر عمارت مبینہ سات سال سے نامکمل ہونے کے باعث طلبہ اساتذہ اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اسکول کی عمارت کا تعمیراتی کام طویل عرصے سے ادھورا پڑا ہونے کے خلاف اساتذہ طلبہ اور شہریوں کی جانب سے ٹھیکیدار اجیت کمار کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے اس موقع پر شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ سرکاری اسکول کی عمارت کا رکا ہوا تعمیراتی کام فوری طور پر شروع کر کے مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ طلبہ کو بہتر اور (بقیہ نمبر 9)

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار کی بھرتی کا اشتہار عدالت میں چیلنج

اسلام آباد: (اے ایف بی) پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار کی بھرتی کے لیے جاری اشتہار کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ عدالت نے رجسٹرار کی تعیناتی کا عمل جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے حتمی احکامات جاری کرنے سے روک دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان انجینئرنگ کونسل سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ جسٹس (بقیہ نمبر 35)

صدر آصف علی زرداری کی نیپال کو یوم دستور اور قومی دن پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے نیپال کی حکومت اور عوام کو نیپال کے قومی دن اور یوم دستور کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق نیپال کے صدر رام چندر پاوڈل کے نام اپنے خط میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور نیپال کے درمیان باہمی احترام، اعتماد اور خیر سگالی پر مبنی دیرینہ اور خوشگوار تعلقات استوار ہیں جنہیں دونوں ممالک کے عوام (بقیہ نمبر 34)

طلاق یافتہ بیوی کا قتل؛ سابق شوہر اور دیور کو عمر قید کی سزا

صوابی (این این آئی) صوابی کی سیشن کورٹ نے طلاق یافتہ بیوی کے قتل کیس میں نامزد سابق شوہر اور اسکے بھائی کو عمر قید کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن مبارک زیب خان نے سماعت کی، جرم ثابت ہونے پر عدالت نے دونوں بھائیوں کو عمر قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو 10 لاکھ روپے بطور معاوضہ مقتولہ (بقیہ نمبر 32)

لاہور، صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں پاک چائنہ فرینڈ شپ سرکیمز 2026ء کے لوگو کی رونمائی کی تقریب کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کندھ کوٹ جعفریہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان کا اجلاس

جعفریہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی جنرل میٹنگ نئے عہدیداران کی حلف برداری

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ میں جعفریہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان لاڑکانہ ڈویژن یونٹ سٹی کندھکوٹ کے زیر اہتمام ڈویژنل اجلاس عام اور سٹی کابینہ کی حلف برداری تقریب کے سلسلے میں جنرل میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں تعلقہ (بقیہ نمبر 10)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز انیل سعید کی زیر صدرت اجلاس

انسداد ڈینگی کے لیے تمام ضروری اقدامات کو موثر انداز میں یقینی بنانے کی ہدایت

اٹک (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز انیل سعید نے میونسپل ہال اٹک میں انسداد ڈینگی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران اور سربراہان نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز انیل سعید نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق انسداد ڈینگی کے لیے تمام ضروری اقدامات کو موثر انداز میں یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 22)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے

کرکٹ میچز کیلئے فول پروف انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت

میچز کے دوران شائقین اور شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے

ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے خصوصی ٹریفک پلان پر مؤثر عملدرآمد کیا جائے

انتظامات میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ برتی جائے، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی

راولپنڈی (این ای این) 4 اکتوبر سے 30 نومبر تک راولپنڈی میں منعقد ہونے والے کرکٹ میچز کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کرکٹ میچز کے دوران سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، پارکنگ، صفائی ستھرائی، لائٹنگ، ٹریفک کی روانی اور شائقین کو سہولیات کی فراہمی سمیت دیگر (بقیہ نمبر 11)

غلام قمر کی دولتالہ آمد، ساداتِ کرام سے ملاقات اور مزارِ اقدس پر حاضری

پیر سید قلب شاہ اور پیر سید علی عباس شاہ سے ملاقات، عمرہ کی سعادت پر مبارکباد

گوجرخان (قمر شہزاد) فخرِ سادات دولتالہ کی دل عزیز شخصیت سید پیر غلام عباس شاہ کے مزار اقدس پر مرکزی انجمن تاجران کے سینئر نائب صدر و ممبر امن کمیٹی گوجرخان غلام قمر نے حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور پھول نچھاور کیے۔ بعدازاں انہوں نے امیدوار ایم پی اے و سابق چیئرمین دولتالہ پیر سید قلب شاہ اور امیدوار برائے چیئرمین دولتالہ پیر سید علی عباس شاہ کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ اس موقع پر غلام قمر نے انہیں زیارتِ بیت اللہ (بقیہ نمبر 12)

پشاور: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی لینڈ یوز اینڈ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایکا) کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موٹر سائیکل مکینک پر تشدد کے واقعہ پر ایس ایس پی آپریشنز کا نوٹس

واقعہ میں ملوث کانسٹیبل معطل، محکمانہ کاروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے، ملک طارق محبوب

راولپنڈی (این این آئی) دھمیال کے علاقہ میں موٹر سائیکل مکینک پر تشدد کے واقعہ پر ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے نوٹس لے لیا، واقعہ میں ملوث کانسٹیبل معطل، محکمانہ کاروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے، کسی بھی شہری پر تشدد برداشت نہیں، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال کے علاقہ میں موٹر سائیکل مکینک (بقیہ نمبر 23)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی زیر صدارت اہم اجلاس۔ ایس ایس پی سکیورٹی/ ایڈمن، زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی شرکت

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کا سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز اور سی آئی اے کا دورہ

ڈی آئی جی اسلام آباد نے پیشہ ورانہ امور اور کارکردگی کا جائزہ جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز اور سی آئی اے کا دورہ کیا، ڈی آئی جی اسلام آباد نے پیشہ ورانہ امور اور کارکردگی کا جائزہ جائزہ لیا۔ تمام افسران کو فرض شناسی، دلجمعی اور ایمانداری کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دینے اور عوام کو بروقت و موثر پولیس خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے کاؤنٹر ٹیرر ازم ڈیپارٹمنٹ ہیڈ کوارٹرز اور سی آئی اے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے متعلقہ افسران سے (بقیہ نمبر 24)

آئی جی اسلام آباد کا ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز اور سیف سٹی کا دورہ

ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد اور جرائم کے سدباب کیئے اقدامات تیز کرنے کے احکامات

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد نے ٹریفک و امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ شہریوں کو بہتر ٹریفک سہولیات کی فراہمی، ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد اور جرائم کے سدباب کے لیے اقدامات مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ جہاں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان (بقیہ نمبر 25)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

پیٹرول کی قیمت میں اضافہ عوام کی مشکلات بڑھا رہا ہے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (اے ایف بی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمت میں اضافہ عوام کی زندگی میں مشکلات پیدا کر رہا ہے، وفاقی حکومت کو پیٹرولیم لیوی کم کرنی چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ عوام مہنگائی سے پریشان ہیں، ایک طرف کفایت شعاری مہم کا اعلان کیا جاتا ہے جبکہ دوسری جانب مریم نواز (بقیہ نمبر 30)

خواتین سے دست درازی کرنے والا مرکزی ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) جاتلی پولیس کی ایک کارروائی کے دوران خواتین سے دست درازی کرنے والا مرکزی ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خواتین سے دست درازی کرنے والے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا، مدعیہ مقدمہ کے مطابق ملزم ساتھیوں کے ہمراہ اس کے بیٹے کو مار رہا تھا، چھڑانے پر گھر کی خواتین سے دست درازی کی، جاتلی پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص کے دیگر (بقیہ نمبر 27)

ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں، سات افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیوں کے دوران 07 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 07 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ ویسٹریج، آر اے بازار، ایئرپورٹ، مندرہ، صدر بیرونی اور کہوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں،

04 افراد کو حراست میں لے کر چرس اور شراب برآمد کر لی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی مختلف کارروائیوں کے دوران 04 افراد کو حراست میں لے کر چرس اور شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 04 افراد کو حراست میں لے کر 01 کلو 620 گرام چرس اور 08 لیٹر سے زائد شراب برآمد کر لی، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ گوجرخان، کینٹ اور سول لائنز کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات (بقیہ نمبر 18)

اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 2 اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کینٹ پولیس کی ایک کارروائی کے دوران اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 2 اشتہاری گرفتار کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 2 اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا، اشتہاریوں نے سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے دو شہریوں کو زخمی کیا تھا، اشتہاری دسمبر 2025 سے پولیس کو مطلوب تھے، کینٹ پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا۔

خاتون سے بیگ چھین کر فرار ہونے والا سنیچر گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نیو ٹاؤن پولیس کی ایک کارروائی کے دوران خاتون سے بیگ چھین کر فرار ہونے والا سنیچر گرفتار کر لی گیا، دو موبائل فون، بیگ اور دیگر سامان برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خاتون سے بیگ چھین کر فرار ہونے والے سنیچر کو گرفتار کر لیا، زیر حراست سنیچر سے دو موبائل فون، بیگ اور دیگر سامان برآمد ہوا، مدعیہ مقدمہ کے مطابق ملزم موٹر سائیکل پر آیا، اس کا بیگ چھینا اور فرار ہو گیا۔

قتل، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس کی ایک کارروائی کے دوران قتل، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم نے لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے سگے بھائی کو قتل اور ہمشیرہ کو زخمی کیا تھا، گوجر خان پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا (بقیہ نمبر 26)

تھانہ نیو ٹاؤن پولیس کی کارروائی، خاتون سے بیگ چھین کر فرار ہونے والا سنیچر گرفتار

ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت انسدادِ پولیو مہم کا جائزہ اجلاس

سی ای او ہیلتھ، محکمہ صحت کے ڈاکٹرز، محکمہ تعلیم کے افسران اور پولیس حکام نے شرکت کی، اجلاس میں سو فیصد کوریج یقینی بنانے پر زور

پولیس حکام کو فیلڈ میں پولیو ٹیموں کے تحفظ کے لئے مؤثر سکیورٹی انتظامات یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے گئے

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت انسدادِ پولیو مہم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) ہیلتھ، محکمہ صحت کے ڈاکٹرز، محکمہ تعلیم کے افسران اور پولیس حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع مری میں انسدادِ پولیو مہم کے انتظامات، اہداف اور مؤثر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے سو فیصد کوریج یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اجلاس کے دوران محکمہ صحت کی جانب سے پولیو ٹیموں کی تشکیل، تربیت اور فیلڈ (بقیہ نمبر 15)

ایس پی صدر انعم شیر کرائم میٹنگ کی صدارت کر رہی ہیں

کنویں میں گرنے سے باپ بیٹے سمیت تین افراد جاں بحق

تینوں نعشیں کنویں سے نکال کر ہسپتال منتقل کر دی گئی ہیں، ریسکیو 1122 مردان

پشاور (آئی آئی پی) مردان کی تحصیل رستم کے علاقے مچی جعفر آباد میں کنویں میں گرنے والے 12 سالہ بیٹے کو بچانے کی کوشش میں اسکا باپ اور ہمسایہ بھی جاں بحق ہو گئے۔ ترجمان ریسکیو 1122 مردان کے مطابق اطلاع ملتے ہی ریسکیو ڈیزاسٹر اینڈ میڈیکل ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ تینوں نعشیں کنویں سے نکال کر ہسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 16)

حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ فورسز میں لڑائی، 68 ہلاکتیں

حوثیوں کے میزائل اور ڈرون حملوں میں 23 حکومتی فوجی مارے گئے

ریاض (اے ایف بی) یمن میں حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ حکومتی فورسز کے درمیان شدید جھڑپوں میں 24 گھنٹوں کے دوران کم از کم 68 افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ یمنی حکومتی عہدیدار نے بتایا کہ حوثیوں کے میزائل اور ڈرون حملوں میں جنوب مغربی علاقوں میں 23 حکومتی فوجی مارے گئے، جبکہ حوثی فوجی ذرائع نے دعویٰ کیا کہ سعودی فضائی حملوں اور زمینی لڑائی میں ان کے 40 جنگجو ہلاک ہوئے، یہ اعداد دونوں فریقوں (بقیہ نمبر 17)

بلدیہ گوجر خان کا آڈٹ اب فائلیں نہیں عوام کے سوالات کے جواب چاہئیں

دکانوں کی بولیاں، ٹھیکے، واٹر کنکشنز، بل بورڈز، ترقیاتی فنڈز اور ہر آمدن و خرچ کا مکمل آڈٹ کیا جائے، شہری حلقے

وزیر اعلیٰ خود انکوائری کی نگرانی کریں، روزانہ پیش رفت رپورٹ لی جائے، خرد برد ثابت ہو تو ریکوری اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے

گوجر خان (قمر شہزاد) تحصیل گوجر خان میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں، سرکاری اثاثہ جات کے استعمال، گھوسٹ ملازمین، غیر مجاز ترقیاتی سرگرمیوں اور دیگر معاملات کی تحقیقات کے لیے سابق پارلیمانی سیکریٹری راجہ جاوید اخلاص کی جانب سے دی گئی درخواست کے بعد میونسپل کمیٹی گوجر خان کا خصوصی آڈٹ شروع کر دیا گیا، آڈٹ ٹیم دوسرے روز بھی ریکارڈ کی جانچ پڑتال میں مصروف رہی۔ شہری حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدام کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ آڈٹ (بقیہ نمبر 14)

مقامی مال میں سی ای بی او کی جانب سے لگائے گئے کراچی بازار سے خریداری کر رہی ہیں

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا مسلم لیگ ن کو سیاسی چیلنج

مسلم لیگ (ن) پنجاب میں پی ٹی آئی سے بڑا جلسہ کرے تو سیاست چھوڑنے کو تیار ہوں

پشاور (آئی آئی پی) خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کو سیاسی چیلنج دیتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب کے کسی بھی شہر میں پاکستان تحریک انصاف کے مقابلے میں بڑا جلسہ کر کے دکھائے تو سیاست چھوڑنے کے لیے تیار ہوں۔ (بقیہ نمبر 19)

صوبہ بھر میں نماز جمعہ کے موقع پر سکیورٹی ہائی الرٹ رہی

مساجد، امام بارگاہوں، مزارات، کاروباری مراکز اور شاہراہوں پر موثر پٹرولنگ کی گئی

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے حکم پر جمعۃ المبارک کے موقع پر لاہور سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہی۔ آئی جی پنجاب کی ہدایات پر مساجد، امام بارگاہوں، مزارات، مارکیٹوں اور دیگر حساس مقامات کی سکیورٹی مزید مؤثر بنائی گئی جبکہ اہم شاہراہوں، عبادت گاہوں اور کاروباری مراکز کے اطراف پولیس کی موثر پٹرولنگ اور نگرانی کو بھی یقینی بنایا گیا۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ڈی پی اوز اور فیلڈ افسران (بقیہ نمبر 20)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کے سر سید امام رضا کریم کے انتقال پر چینی قائم مقام قونصل جنرل فینگ ڈیہنگ اظہار تعزیت کر رہے ہیں

کشمور میں قومی انسدادِ پولیو مہم کا افتتاح

تین لاکھ سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر قومی انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا

ضلع بھر میں 5 سال سے کم عمر کے 334,408 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، بریفنگ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان نے 21 ستمبر 2026 سے 24 ستمبر 2026 تک جاری رہنے والی قومی انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح سول اسپتال پہنچ کر کیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، ڈی ایچ او سید اعجاز علی شاہ اور ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا تقریب کے دوران ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک بیماری ہے، جس سے بچاؤ کے لیے ہر بچے کو حفاظتی قطرے پل